سوال

(145)لڑکی کوکیسے بتائے کہ وہ اس سے شادی کا خواہشمند ہے ۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

انسان جس سے شادی کرنا چاہتا ہواس کے قریب جانا کیسے ممکن ہے ؟ایک طویل عرصہ تک یہ معروف رہاکہ یہ میری بہن ہے وہ میرا بہت ہی احترام کرتی ہے لیکن میرے سامنے یہ مشکل ہے کہ میں اسے کس طرح بتاؤں کہ میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں ۔ میرے والد اور پھوپھو بھی مجھے اس سے شادی کرنے پر راغب کرتے ہیں (جبکہ میری والدہ فوت ہو چکی ہے)مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ وہ کسی عورت کی طرف مائل ہورہاہے تواسے شرعی طریقہ اپنانا چاہیے اوروہ طریقہ نکاح کا ہے ۔جب کوئی شخص کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہے تواسے چاہیے کہ وہ اسے منگنی کا پیغام بھیجے اورلڑکی کے ولی کے ذریعے اس سے منگنی کرے ۔ لڑکی کا ولی اس کا والد ہے اوراگروالد نہ ہوتواس کے بعد اس کا سب سے قریبی رشتہ دار ہے یہ جائز نہیں کہ عورت سے منگنی میں غیر شرعی طریقہ اپنایا جائے یعنی اس سے خود تعارف کیا جائے تعلقات قائم کیے جائیں ٹیلی فون پر بات چیت کی جائے اوراس طرح کے دیگر تمام کام شیطانی ہیں جو برائی کی طرف کھینچتے ہیں ایسا کرنے والا وہ کچھ کرنا شروع کردیتا ہے جس کا انجام اچھا نہیں ہوتا ۔

اس لیے آپ پر ضروری ہے کہ آپ گھر میں دروازے کے ذریعے داخل ہوں اوراس لڑکی کے قریب ہونے کے لیے شرعی راستہ اختیار کریں اوراس میں کوئی حرج نہیں کہ آپ منگنی کے وقت لڑکی کواپنی طرف راغب کرنے اورمزید موافقت پیدا کرنے کے لیے اسے ولی کے ذریعے کوئی تحفہ دیں ۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گوہیں کہ وہ ہم سب کوسیدھا راستہ عطا فرمائے ۔ اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے ۔ (شیخ محمد المنجد)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص207